# یونیورسٹی آف کمالیہ

## دفترِ رجسٹرار

## نوٹیفکیشن

مجاز اتھارٹی طلباء وطالبات کے لیے درج ذیل ڈریس کوڈ (لباس کے ضوابط) کی منظوری دیتی ہے تاکہ یونیورسٹی میں علمی وقار، حیا اور تقدس کو برقرار رکھا جا سکے۔

### 1۔ مرد طلباء

**i. گرمیوں میں**

- ✓ ڈریس پینٹ اور شرٹ (ٹائی اختیاری)۔
- ✓ شلوار قمیض (واسکٹ اختیاری)۔
- ✓ بند جوتے یا پٹی والے سینڈل (چپل یا سلیپر کی اجازت نہیں)۔
- ✓ سفاری سوٹ۔

**ii. سردیوں میں**

- ✓ ڈریس پینٹ اور شرٹ بمعہ کوٹ/سوئٹر/جیکٹ۔
- ✓ لانج سوٹ یا کسی بھی قسم کا کمبی نیشن (کلوز یا اوپن کالر کے ساتھ)۔
- ✓ شلوار قمیض بمعہ واسکٹ یا کوٹ۔
- ✓ بند جوتے یا پٹی والے سینڈل (چپل یا سلیپر کی اجازت نہیں)۔

### 2۔ خواتین طلباء

خواتین سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ گرمیوں اور سردیوں دونوں میں سادہ اور باحیا لباس زیب تن کریں جو ثقافتی و اخلاقی اقدار کی عکاسی کرتا ہو۔

### 3۔ تمام طلباء وطالبات کے لیے عمومی ہدایات

طلباء وطالبات درج ذیل لباس پہننے سے دورانِ کلاسز، امتحانات اور یونیورسٹی کی حدود میں اجتناب کریں:

- × شارٹس اور بغیر آستین والی شرٹس۔
- × ٹی شرٹس یا ڈریس جن پر نامناسب نعرے (سیاسی، مذہبی یا دیگر)، تصاویر یا فن پارے درج ہوں جو اشتعال انگیز، نازیبا یا قابل اعتراض ہوں۔
- × پھٹا پرانا یا بوسیدہ لباس۔

× کلاس کے دوران جوگرز یا ورزش کا لباس۔
× غیر مرتب، بھڑکیلا یا غیر موزوں لباس کلاس رومز، کیفے ٹیریا، ہوسٹل یا دفاتر میں۔
× غیر پیشہ ورانہ لباس سرکاری ورسمی تقریبات میں (مثلاً جینز، کیژوئل جوتے، یا بہت رنگین لباس)۔
× تنگ یا باریک (دیکھنے میں شفاف) لباس (مرد اور خواتین دونوں کے لیے)۔
× ضرورت سے زیادہ میک اپ یا بھاری / قیمتی زیورات (خواتین کے لیے)۔

## 4۔ ڈسپلن اور عمل درآمد

❖ یونیورسٹی کی ڈسپلن کمیٹی کے ساتھ ساتھ متعلقہ چیئرپرسن / ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ / ڈائریکٹر کو ان ہدایات پر عمل درآمد کی نگرانی کا اختیار ہوگا۔
❖ خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ کمیٹی / چیئرپرسن / ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ / ڈائریکٹر فی خلاف ورزی 500 روپے جرمانہ بذریعہ چالان عائد کر سکتے ہیں۔ ساتھ ہی طالب علم کا یونیورسٹی کارڈ ضبط کر لیا جائے گا جو جرمانہ جمع کروانے کے بعد واپس کیا جائے گا۔
❖ جرمانے کی کاپی ڈائریکٹوریٹ آف اسٹوڈنٹ افیئرز اور خزانچی کے دفتر کو ریکارڈ کے لیے ارسال کی جائے گی۔
❖ بار بار خلاف ورزی کی صورت میں طالب علم کے خلاف یونیورسٹی قوانین کے مطابق سخت تادیبی کاروائی کی جا سکتی ہے اور معاملے کی سنگینی کی صورت میں داخلہ بھی منسوخ کیا جا سکتا ہے۔
❖ جرمانہ یونیورسٹی کے متعین اکاؤنٹ میں جمع کرایا جائے گا جو Miscellaneous Account (BOP) کے نام سے ہوگا۔

## 5۔ ذمہ داری برائے عمل درآمد

☆ تمام ڈینز، چیئرپرسنز، ہیڈز آف ڈیپارٹمنٹس اور ڈائریکٹرز اس بات کے پابند ہوں گے کہ وہ اپنی متعلقہ فیکلٹیز، ڈیپارٹمنٹس اور سب کیمپسز میں ان ہدایات پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔

**وائس چانسلر یونیورسٹی آف کمالیہ کی منظوری سے جاری کردہ۔**

رجسٹرار
یونیورسٹی آف کمالیہ